## 11492 ـ کیا مقروض بھائی کی زکاۃ کے ساتھ مدد کر سکتا ہے

**سوال**

میرا بھائی ملازم ہے، اور اسے تنخواہ بھی ملتی ہے، لیکن وہ بہت زیادہ مقروض ہے جس کی ادائیگی ضروری ہے، تو کیا میں اپنے مال کی زکاۃ بھائی کو دے سکتا ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر آپ کا بھائی مقروض ہے، اور اس کی تنخواہ سے اس کی معاشی ضروریات پوری نہیں ہوتی اور وہ قرض ادا نہیں کر سکتا، اور وہ نمازی بھی ہے اور مال کو اللہ تعالی کی ناراضگی والے کاموں میں صرف نہیں کرتا تو اسے زکاۃ دینے میں کوئی حرج نہیں.

الشیخ سعد الحمید.

کیونکہ وہ مصارف زکاۃ میں شامل ہے، جو اللہ تعالی نے بیان کرتے ہوئے فرمایا:

اور مقروض کا قرضہ ادا کرنے میں .

اور اگر اس کا یہ قرضہ کسی حرام کام مثلا سود، یا جوا اور قمار بازی کے ارتکاب کے نتیجہ میں ہے تو پھر یہ قرض اس وقت تك ادا نہیں کیا جا سکتا جب تك وہ اس سے توبہ نہیں کر لیتا.

واللہ اعلم .